## بلدیہ ٹاؤن میں فیکٹری میں آتشزدگی کا ہولناک واقعہ ایک قومی سانحہ ہے۔الطاف حسین

## آتشزدگی میں بڑی تعداد میں معصوم محنت کشوں کی شہادت پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔الطاف حسین

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورتمام ذمہ داران وکارکنان سانحہ کے شہداء کی تجہیز وتکفین کے انتظامات میں بھرپور حصہ لیں

## مخیّر حضرات جاں بحق ہونے والے محنت کشوں کے لواحقین کی بھرپور مالی معاونت کریں اوران کی ہرممکن دادرسی کریں۔رابطہ کمیٹی سے گفتگو

کراچی۔۔۔12 ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ بلدیہ ٹاؤن میں فیکٹری میں آتشزدگی کے ہولناک واقعہ میں بڑی تعداد میں معصوم محنت کشوں کی شہادت ایک قومی سانحہ ہےاوراس پر میرا دل خون کے آنسو رو رہا ہے۔آج رابطہ کمیٹی پاکستان سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ ایک بہت بڑا واقعہ ہےاور میں اس سانحہ میں جاں بحق ہونے والے تمام محنت کش خواتین، بچوں،نوجوانوں اور بزرگوں کے لواحقین کے غم میں برابر کا شریک ہوں۔اس سانحہ پر لواحقین ہی نہیں میں خود بھی بہت غمزدہ ہوں اور میرے تمام ساتھی بھی اس میں غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اورتحریک کے تمام ذمہ داروں اورکارکنوں کوہدایت کی کہ وہ ایم کیوایم کی جانب سے سانحہ کے شہداء کی تجہیز وتکفین کے انتظامات میں بھرپور حصہ لیں اورمتاثرہ خاندانوں اورسانحہ کے زخمیوں کی ہرممکن مددکریں،لواحقین کی دلجوئی کریں۔انہوں نے کہا کہ آتشزدگی کے ہولناک سانحہ میں جاں بحق ہونے والے محنت کش غریب طبقہ سے تعلق رکھتے ہیں لہٰذا میں مخیّر حضرات بھی اپیل کرتا ہوں کہ وہ جاں بحق ہونے والے محنت کشوں کے لواحقین کی بھرپور مالی معاونت کریں اوران کی ہرممکن دادرسی کریں۔

## لاہور میں آتشزدگی کے واقعہ میں درجنوں محنت کشوں کے جاں بحق ہونے پر اہلیان لاہور سمیت پنجاب کے تمام عوام کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔الطاف حسین

## ہمارا مشن انسانیت کی خدمت ہے،انسانیت کی خدمت کوعبادت تصور کرتے ہیں

## یہ بات افسوسناک ہے کہ عوام کی ہمدردی کے بڑے بڑے دعویدار اس سانحہ کے موقع پر غائب ہیں

## ایم کیوایم لاہور کے زونل آفس پر زون کے ذمہ داروں اورکارکنوں سے فون پر گفتگو

## لاہور میں جائے حادثہ کے دورے،زخمیوں کی عیادت اورجاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کی دلجوئی کرنے پر ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داروں اورکارکنوں کوشاباش اورخراج تحسین

لندن۔۔۔12 ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ہم لاہور میں گزشتہ روز فیکٹری میں ہونے والے آتشزدگی کے واقعہ میں درجنوں محنت کشوں کے جاں بحق ہونے پر اہلیان لاہورسمیت پنجاب کے تمام عوام کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے یہ بات بدھ کی شب لاہور میں ایم کیوایم کے زونل آفس پر زون کے ذمہ داروں اورکارکنوں سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے لاہور میں آتشزدگی میں جاں بحق ہونے والے افراد کیلئے دعائے مغفرت کی اوران کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اورتعزیت کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہمارا مشن سیاست نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت ہے اورہم صرف زبانی درس نہیں دیتے بلکہ اس پر عمل کرتے ہیں خواہ،ہم اقتدار میں ہوں یا نہ ہوں،ہم انسانیت کی خدمت کوعبادت تصور کرتے ہیں۔انہوں نے لاہور زون کے کارکنوں سے کہا کہ وہ لاہوراور بلدیہ ٹاؤن کراچی میں آتشزدگی کے سانحہ میں بڑی تعداد میں غریب محنت کشوں کے جاں بحق ہونے پر ایم کیوایم کی جانب سے منائے جانے والے تین روزہ سوگ کے سلسلے میں پارٹی دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائیں،شہیدوں کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کریں۔انہوں نے کراچی میں ہونے والے واقعہ کوایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ بات افسوسناک ہے کہ عوام کی ہمدردی کے بڑے بڑے دعویدار اس سانحہ کے موقع پر غائب ہیں۔انہوں نے لاہور میں جائے حادثہ کے دورے،زخمیوں کی عیادت اورحادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کی دلجوئی کرنے پر ایم کیوایم لاہور زون کے ذمہ داروں اورکارکنوں کوشاباش اورخراج تحسین پیش کیا۔

## بلدیہ ٹاؤن فیکٹری میں آتشزدگی سے بڑا سانحہ رونما ہوا یہ سانحہ کراچی کا نہیں بلکہ پاکستان کا ایک قومی سانحہ ہے، الطاف حسین

## فیکٹری میں ہولناک آتشزدگی کے نتیجے میں امدادی کارروائیوں کیلئے حکومت سندھ جدید مشینری فی الفور فراہم کی جائے

## فیکٹریوں میں بڑے سانحات کی روک تھام کیلئے تمام مروجہ قوانین پر سختی سے عملدآمد کرایا جائے

## تمام فیکٹریوں کا ماہرین پر مشتمل کمیٹی بنا کر سروے کرایا جائے

## آتشزدگی کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے الطاف حسین کی دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار

## بلدیہ ٹاؤن میں متاثرہ فیکٹری کے قریب قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ میں رابطہ کمیٹی، رضا کاروں اور کارکنان سے ٹیلی فونک گفتگو

لندن۔۔۔12، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بلدیہ ٹاؤن میں فیکٹری میں ہولناک آتشزدگی کے نتیجے میں اب تک سینکڑوں خواتین، بچے، نوجوان اور بزرگ جھلس کر جاں بحق ہوچکے ہیں اور یہ سانحہ صرف کراچی کا نہیں بلکہ پاکستان کا ایک قومی سانحہ ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ کی صبح متاثرہ فیکٹری کے قریب قائم کئے گئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی امدادی کیمپ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار، حق پرست صوبائی وزیر شیخ محمد افضل، رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ، کے کے ایف کے رضا کارون اور ایم کیوایم کے کارکنان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی جو متاثرہ فیکٹری میں امدادی کارروائیوں میں رات سے ہی مصروف ہیں۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ بلدیہ ٹاؤن میں ہولناک آتشزدگی سے متاثرہ فیکٹری میں امدادی کاموں کیلئے فی الفور جدید مشینری فراہم کی جائے اور ماہرین پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو تمام فیکٹریوں کا سروے کرکے ان میں ہنگامی حالت سے نمٹنے کی سہولیات کا جائزہ لے۔ انہوں نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کو ہدایت دی کہ متاثرہ فیکٹری میں امدادی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے، فیکٹری میں مزید ناگہانی حادثے سے بچنے اور اور فیکٹری سے لوگوں کو نکالنے کیلئے مثبت اور ٹھوس انتظامات بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے فیکٹری میں آتشزدگی کے نتیجے میں جھلس کر جاں بحق ہونے والے ایک ایک فرد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور جھلس کر زخمی ہونے والے افراد کو جلد و مکمل صحت یابی عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ متاثرہ فیکٹری میں امدادی کارروائیوں ا، پھنسے ہوئے افراد کو نکالنے، مزید ناگہانی حادثے سے بچنے اور نمٹنے کیلئے حکومت سندھ جدید مشینری فراہم کرے اور اس قسم کے بڑے سانحات کی روک تھام کیلئے فیکٹریوں تمام مروجہ قوانین پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے

۔

## بلدیہ ٹاؤن میں ہولناک آتشزدگی کے نتیجے میں دوسو سے زائد محنت کشوں کی شہادت کے المناک سانحہ پر ایم کیوایم کی جانب سے تین روزہ سوگ کا اعلان

## تین روز تک ایم کیوایم کی تمام سیاسی سرگرمیاں معطل رہیں گی اور پہلے سے طے شدہ تمام تنظیمی پروگرام

## اور سیاسی اجتماعات ملتوی کردیئے گئے۔ رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے مشترکہ اجلاس میں فیصلہ

## آتشزدگی کے سانحہ کے شہداء کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہونگے، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھی جائیں گی،

## پارٹی دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے جائینگے۔ یہ ایک قومی سانحہ ہے

## سانحہ کے متاثرین کیلئے فی الفور معاوضہ کا اعلان کیا جائے۔ سانحہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں، فیکٹری مالکان سمیت جو بھی

## اس سانحہ کے ذمہ دار ہوں انکے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے

کراچی۔۔۔12 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ نے بلدیہ ٹاؤن میں فیکٹری میں ہولناک آتشزدگی کے نتیجے میں دوسو سے زائد محنت کشوں کی شہادت کے المناک سانحہ پر تین روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔ اس بات کا فیصلہ آج رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کے مشترکہ اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں اس المناک واقعہ کو قومی سانحہ قرار دیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ اس سانحہ کے سوگ میں تین روز تک ایم کیوایم کی تمام سیاسی سرگرمیاں معطل رہیں گی اور پہلے سے طے شدہ تمام تنظیمی پروگرام اور سیاسی اجتماعات ملتوی کردیئے گئے ہیں تاکہ پوری توجہ امدادی سرگرمیوں پر مرکوز رکھی جاسکے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ تین روزہ سوگ کے سلسلے میں بلدیہ ٹاؤن کراچی اور گزشتہ روز لاہور میں آتشزدگی کے سانحہ کے شہداء کیلئے قرآن خوانی

وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد ہوں گے، بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھی جائیں گی، پارٹی دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے جائیں گے۔ رابطہ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ سانحہ میں شہید ہونے والے کراچی سمیت پنجاب، خیبر پختونخوا، بلوچستان اور اندرون سندھ کے محنت کشوں کی میتیں انکے آبائی شہروں میں پہنچانے کے انتظامات ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کئے جائیں گے۔ رابطہ کمیٹی نے تمام ذمہ داروں، کارکنوں اور منتخب نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ سانحہ کے شہداء کی تجہیز و تکفین کے انتظامات میں بھرپور حصہ لیں، لواحقین کا غم بانٹیں۔ رابطہ کمیٹی نے کاروباری حضرات سے بھی اپیل کی کہ وہ اس سانحہ کے سوگ میں اپنی دکانوں اور بازاروں پر سیاہ پرچم لہرائیں اور شہداء کے لواحقین کے غم میں شریک ہوں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ اس سانحہ کے متاثرین کیلئے فی الفور معاوضہ کا اعلان کیا جائے۔ سانحہ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں، فیکٹری مالکان سمیت جو بھی اس سانحہ کے ذمہ دار ہوں ان کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے گزشتہ روز لاہور میں فیکٹری میں آتشزدگی کے سانحہ میں درجنوں افراد کے شہید ہونے پر بھی دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار لطیف کھوسہ اور وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ اس سانحہ کی تحقیقات کرائی جائے اور سانحہ میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے۔

## کراچی اور لاہور میں فیکٹریوں میں ہونے والے آتشزدگی کے ہولناک واقعات بڑے سانحات ہیں۔ الطاف حسین

## سندھ اور پنجاب کی صوبائی حکومتیں تین دن کے اندر اندر ان حادثات کی تفصیلات سے قوم کو آگاہ کریں

## حکومت تمام تر مصروفیات کو ترک کرکے انسانی جانوں کے اتلاف کو بچانے اور لگی ہوئی آگ کو بجھانے کے انتظامات میں مصروف ہوجائے

## آتشزدگی کے نتیجے میں درجنوں معصوم محنت کشوں اور دیگر افراد کے شہید ہونے پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن:۔۔۔12، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن اور لاہور میں فیکٹریوں میں ہونے والے آتشزدگی کے ہولناک واقعات اور انکے نتیجے میں درجنوں معصوم محنت کشوں اور دیگر افراد کے شہید ہونے پر دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور جاں بحق ہونے والے محنت کشوں کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے اور ان واقعات کو بڑا سانحہ قرار دیا ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ، گورنر پنجاب سردار لطیف کھوسہ، وزیر اعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف اور سندھ اور پنجاب کی صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ تین دن کے اندر اندر ان حادثات کی تفصیلات سے قوم کو آگاہ کریں بصورت دیگر ایم کیوایم ان معصوم انسانی جانوں کے اتلاف پر آئندہ کی حکمت عملی بنانے پر مجبور ہوگی۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ تمام تر مصروفیات کو ترک کرکے انسانی جانوں کے اتلاف کو بچانے اور لگی ہوئی آگ کو بجھانے کے انتظامات میں مصروف ہوجائیں ورنہ عوام کے غیض و غضب کا نشانہ بننے کیلئے تیار ہوجائیں۔

## فیکٹری میں فائر ایگزٹ کیوں نہیں تھا، آگ بجھانے کے آلات اور فائر الارم کیوں موجود نہیں تھے؟ الطاف حسین

## حفاظتی انتظامات نہ ہونے کی وجوہات کیا ہیں، انکے ذمہ داران کیخلاف کارروائی کیجائے

## ایم کیوایم کے بہادر اور جیالے کارکنوں نے جس طرح اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر لوگوں کی جانیں بچائی ہیں اس پر وہ سلام تحسین کے مستحق ہیں

## بلدیہ ٹاؤن میں ایم کیوایم کے امدادی کیمپ میں ذمہ داران، کارکنان اور رضا کاروں سے خطاب

لندن...... 12 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر گورنر سندھ اور وزیر اعلی سندھ سے مطالبہ کیا کہ سانحہ بلدیہ ٹاؤن کی تحقیقات میں یہ ضرور معلوم کیا جائے کہ فیکٹری میں فائر ایگزٹ کیوں نہیں تھا، آگ بجھانے کے آلات اور فائر الارم کیوں موجود نہیں تھے؟ دیگر حفاظتی انتظامات نہ ہونے کی وجوہات کیا ہیں اور انکے ذمہ داران کے خلاف

کارروائی کی جائے ۔انہوں نے ان خیالات کا اظہار بدھ کی شب سانحہ بلدیہ ٹاؤن کے سلسلہ میں جائے وقوع پر قائم ایم کیوایم کے امدادی کیمپ میں موجود ذمہ داران ،کارکنان اور رضا کاروں سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنوں ،خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں ،سیکٹراور یونٹ کے ذمہ داران ،حق پرست ایم این ایز اورایم پی ایز اور وزراء کورات دن محنت کرنے اور امدادی کاموں میں بڑھ چڑھ کوحصہ لینے پر زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے بہادراور جیالے کارکنوں نے جس طرح اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کرلوگوں کی جانیں بچائی ہیں اوراپنا گھر بار چھوڑ کرجس طرح امدادی کارروائیوں میں حصہ لیا ہے،جس طرح مادی اور سیاسی فائدے کو بالائے طاق رکھ کرانسانیت کی خدمت کی ہے،اس پر وہ سلام تحسین کے مستحق ہیں ،اللہ تعالی انکی شب و روزمحنت کوقبول فرمائے اورانہیں اورانکے اہل خانہ کواس کا اجرعظیم عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوا یم کا منشورانسانیت کی خدمت ہے،اس کی سیاست کا مطلب عوام کی خدمت ہے۔میرا اپنے ساتھیوں کو یہی درس ہے کہ یہ نہ دیکھوکون کیا کررہا ہے بلکہ یہ دیکھوکہ ہم انسانیت کی کیا خدمت کرسکتے ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے سانحہ بلدیہ ٹاؤن میں شہید ہونے والوں کےلواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ انکےغم میں برابر کے شریک ہیں ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالی ان تمام کوشہادت کا درجہ عطا فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورلواحقین کوصبرجمیل عطا فرمائے ، اللہ تعالی پاکستان کو زمینی اور آسمانی آفات سے محفوظ فرمائے ، ہمارے گناہوں کومعاف فرمائے اورمجبورو بےکس لوگوں پررحم فرمائے ، جناب الطاف حسین نے ایک بار پھرمخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ حسب توفیق متاثرہ خاندانوں کی کفالت کریں تو یہ صدقہ جاریہ ہوگا اور اللہ تعالی آپ کے والدین اور بزرگوں کواس کا ثواب پہنچائے گا۔

**متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کےعلاقے بلدیہ ٹاؤن اورلاہورمیں فیکٹریوں میں ہونیوالےآتشزدگی کےہولناک سانحات میں درجنوں معصوم بےگناہ محنت کشوں کے جاں بحق ہونے پرآج بروزبدھ کویوم سوگ منانے کااعلان کیاہے**

**یوم سوگ کے سلسلے میں آتشزدگی کے واقعات میں جاں بحق ہونیوالےمحنت کشوں کے سوگ میں پارٹی دفاترپرسیاہ پرچم لہرائے جائیں گےاور جاں بحق ہونیوالوں کےایصال ثواب کیلئےقرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کی جائے گی**

**کارکنوں اورہمدردوں سےاپیل کی کہ وہ کراچی اورلاہورمیں ہونیوالےان سانحات کےسوگ میں بازؤں پرسیاہ پٹیاں باندھیں اور جاں بحق ہونیوالےکی تدفین میں شرکت کریں اورلواحقین کاغم بانٹیں**

**ایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے یوم سوگ کے فیصلے کی توثیق کردی**

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن اورلاہورمیں فیکٹریوں میں ہونیوالےآتشزدگی کے ہولناک سانحات میں درجنوں معصوم بےگناہ محنت کشوں کے جاں بحق ہونے پرآج بروزبدھ کویوم سوگ منانے کااعلان کیاہے۔رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں اعلان کیا کہ یوم سوگ کے سلسلے میں آتشزدگی کے واقعات میں جاں بحق ہونیوالےمحنت کشوں کے سوگ میں پارٹی دفاترپرسیاہ پرچم لہرائے جائیں گےاورجاں بحق ہونیوالوں کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کی جائے گی۔رابطہ کمیٹی نے کارکنوں اور ہمدردوں سے اپیل کی کہ وہ کراچی اورلاہورمیں ہونیوالےان سانحات کے سوگ میں بازؤں پرسیاہ پٹیاں باندھیں اور جاں بحق ہونیوالوں کی تدفین میں شرکت کریں اورلواحقین کاغم بانٹیں۔رابطہ کمیٹی نے واضح کیا کہ یوم سوگ کے موقع پرکاروباراوردکانیں کھلی رہیں گی۔اپنے بیان میں رابطہ کمیٹی نے سندھ اور پنجاب کی صوبائی حکومتوں سے بھرپورمطالبہ کیاہے کہ آتشزدگی کےان ہولناک سانحات کی مکمل تحقیقات کرائی جائیں اوران کے ذمہ دارافرادکیخلاف بلاامتیازاورسخت سے سخت کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے کہاکہ کراچی اورلاہورمیں ہونیوالےآتشزدگی کے یہ ہولناک واقعات بڑے سانحات ہیں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان وعوام جاں بحق ہونیوالےمحنت کشوں کے لواحقین کےغم میں برابرکےشریک ہے۔دریں اثناءایم کیوایم کے قائدجناب الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے یوم سوگ کے فیصلے کی توثیق کردی ہے۔

## بلدیہ ٹاؤن میں واقع فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کے بعد ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے اراکین رابطہ کمیٹی کے ہمراہ متاثرہ فیکٹری کا دورہ کیا اور انتظامیہ سے ملاقات کی ، واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر واراکینِ رابطہ کمیٹی نے آتشزدگی کے نتیجے میں ہونیوالی تباہی ونقصانات پر قابو پانے کیلئے کئے جانیوالے اقدامات اور ہنگامی بنیادوں پر جاری امدادی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا

کراچی:۔۔۔12 ستمبر 2012ء

بلدیہ ٹاؤن میں واقع فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کے بعد ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی نے اراکین رابطہ کمیٹی ڈاکٹر صغیر احمد، سید مصطفی کمال کے ہمراہ متاثرہ فیکٹری کا دورہ کیا اور فیکٹری انتظامیہ سے ملاقات کر کے ان سے واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔انہوں نے آتشزدگی کے نتیجے میں ہونیوالی تباہی ونقصانات پر قابو پانے کیلئے کئے جانیوالے اقدامات اور ہنگامی بنیادوں پر جاری امدادی کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے رہنماء عامر خان، حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ، علاقائی سیکٹر ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## بلدیہ ٹاؤن میں واقع فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کے بعد حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب نے رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ کا ایڈمنسٹریٹر ویسٹ، میونسپل کمشنر کے ایم سی، کمشنر، ایس ایس پی ویسٹ کے ہمراہ متاثرہ فیکٹری کا دورہ کیا اور رفیکٹری کے انتظامیہ سے ملاقات کی اور واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں

## آتشزدگی کے باعث متاثرہ فیکٹری میں ہونیوالی تباہی اور نقصانات کا جائزہ لیا

کراچی:۔۔۔12، ستمبر 2012ء

بلدیہ ٹاؤن میں واقع فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کے بعد حق پرست صوبائی وزیر عبدالحسیب، رکن سندھ اسمبلی حنیف شیخ نے ایڈمنسٹریٹر ویسٹ قمر شیخ، میونسپل کمشنر کے ایم سی، متانت علی خان، کمشنر قمر لغاری، ایس ایس پی ویسٹ عامر فاروقی کے ہمراہ متاثرہ فیکٹری کا دورہ کیا اور فیکٹری کے انتظامیہ سے ملاقات کی اور واقعہ کی تفصیلات معلوم کیں۔اس موقع پر علاقائی سیکٹر ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے آتشزدگی کے باعث متاثرہ فیکٹری میں ہونیوالی تباہی اور نقصانات کا جائزہ بھی لیا ۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حق پرست وزیر عبدالحسیب نے آتشزدگی کے واقعہ اور اس کے نتیجے میں متعدد کے افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر افسوس کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ فیکٹری میں آتشزدگی کے واقعہ کی تحقیقات کا مطالبہ کیا اور فیکٹری کے آتشزدگی کے باعث متاثر ہونے والے افراد کے اہلخانہ کو ہنگامی بنیادوں پر مالی معاوضہ فراہم کیا جائے اور ان کی علاج ومعالجے کے سلسلے میں حکومتی وسائل کو بروئے کار لائے جائیں۔انہوں نے میڈیا کے نمائندوں کو مزید بتایا کہ ایم کیوایم کے عوامی نمائندے اور ذمہ داران وکارکنان اس افسوسناک واقعہ کے بعد سے ہی یہاں پر جاری امدادی کاموں میں مصروف ہیں تاکہ فیکٹری کو مزید تباہی نقصانات سے بچایا جاسکے۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا صوبائی تنظیمی کمیٹی (پنجاب) کے انچارج محمد حسین کے بھتیجے اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن محمد سہیل حسین کے ٹریفک حادثے میں انتقال پر اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔12، ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبائی تنظیمی کمیٹی (پنجاب) کے انچارج محمد حسین کے بھتیجے اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن محمد سہیل حسین کے ٹریفک حادثے میں انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی صوبائی تنظیمی کمیٹی (پنجاب) کے انچارج محمد حسین کے بھتیجے اور ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 68 کے کارکن محمد سہیل حسین کے ٹریفک حادثے میں انتقال پر دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا ہے۔

## بلدیہ ٹاؤن فیکٹری آتشزدگی، خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی کیمپس رات گئے قائم کردیئے گئے

## فیکٹری سے نکلنے والی لاشوں کو خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ذریعے شہر کے مختلف اسپتالوں میں پہنچایا گیا

## ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے سینکڑوں رضا کار امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں

## امدادی کیمپس پر جاں بحق اور زخمی افراد کا بائیوڈیٹا جمع کرکے رکھا گیا ہے اور پریشان حال اہلخانہ اور لواحقین کی رہنمائی کی جارہی ہے

## رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے متاثرہ فیکٹری اور امدادی کیمپ کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔12، ستمبر 2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے بلدیہ ٹاؤن میں آتشزدگی سے تباہ ہونے والی فیکٹری کے متاثرین کی امدادی کارروائیوں کیلئے رات گئے ہی امدادی کیمپس قائم کردیئے گئے۔ یہ امدادی کیمپس عباسی شہید اسپتال، سول اسپتال، جناح اسپتال اور ایدھی سینٹر میں قائم کئے گئے ہیں جبکہ اس سلسلے کا مرکزی امدادی کیمپ بلدیہ ٹاؤن میں متاثرہ فیکٹری کے قریب قائم کیا گیا ہے۔ امدادی کیمپوں پر ایم کیوایم کے سینکڑوں کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار امدادی سرگرمیوں میں مصروف ہیں۔ مرکزی امدادی کیمپ سے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس سروس کے ذریعے جھلس کر جاں بحق ہونے والوں کی لاشوں کو شہر کے مختلف اسپتالوں میں منتقل کیا گیا جبکہ امدادی کیمپوں پر جاں بحق اور زخمی افراد کا بائیوڈیٹا بھی جمع کرکے رکھا گیا ہے اور پریشان حال اہلخانہ اور لواحقین کی رہنمائی کی جارہی ہے۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے بدھ کی صبح متاثرہ فیکٹری اور مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کیا اور سانحہ کی تفصیلات معلوم کیں۔ اس موقع پر انہوں نے جاں بحق اور زخمی ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور امدادی سرگرمیوں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## سانحہ کراچی اور لاہور میں محنت کشوں کی شہادت پر ایم کیوایم کے زیراہتمام ملک بھر میں تین روزہ یومِ سوگ

## نائن زیرو سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کے دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے گئے اور قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے

## مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں ہوا جس میں رابطہ کمیٹی، منتخب عوامی نمائندے، شعبہ جات اور سیکٹر ویونٹ کے ذمہ اران نے شرکت کی

## عالم دین مولانا اسد دیوبندی نے شہداء کی مغفرت ودرجات کی بلندی اور سوگواران کے صبر جمیل کیلئے دعائیں کیں

کراچی:۔۔۔12 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام کراچی اور لاہور کی فیکٹریوں میں ہونے والی خوفناک آتشزدگی کے ہولناک سانحات میں جاں بحق ہونیوالے سینکڑوں محنت کشوں کی المناک شہادت پر ملک بھر میں تین روزہ یومِ سوگ منایا جارہا ہے اور شہداء کے لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا گیا، یوم سوگ کے سلسلے میں بدھ کے روز جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو، خورشید بیگم سیکریٹریٹ، ایم پی اے ہاسٹل اور شعبہ اطلاعات سمیت تمام صوبائی، ضلعی اور زونل دفاتر میں سیاہ پرچم لہرائے گئے اور کارکنان نے بازوں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر سوگوار لواحقین سے اظہار ہمدردی کیا جبکہ ایم کیوایم کے کارکنان کی جانب سے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے۔ قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا مرکزی اجتماع لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائمخانی، اراکین رابطہ کمیٹی سید شعیب احمد بخاری، کنور خالد یونس، واسع جلیل، توصیف خانزادہ، سلیم تاجک، سیف یار خان، کیف الوریٰ، منتخب حق پرست عوامی نمائندے، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، سیکٹر ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ایم کیوایم کے ہمدردوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر معروف عالم دین مولانا اسد دیوبندی نے شہداء کی مغفرت ودرجات کی بلندی اور سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے انتہائی خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کرائی۔ کراچی کی طرح حیدرآباد، میرپورخاص، سکھر، نوابشاہ، سانگھڑ، ٹنڈوالہیار، گھوٹکی، جامشورو، عمرکوٹ، ٹھٹھہ، نوشہروفیروز، بدین، لاڑکانہ، شکارپور، دادو، قمبر شہدادکوٹ، کشمور، جیکب آباد جبکہ صوبہ پنجاب میں لاہور، راولپنڈی، ملتان، فیصل آباد، گجرانوالہ، صوبہ خیبر پختونخواہ ایبٹ آباد، مانسہرہ، میرپورخاص، ہری پور، ڈیرہ اسماعیل، مظفرآباد، باغ، دیامر استور، راولاکوٹ، گلگت بلتستان اور صوبہ بلوچستان کوئٹہ زون میں بھی سیاہ پرچم لہرائے گئے اور کارکنان کی جانب سے قرآنی خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کیے گئے جس میں کراچی اور لاہور کی فیکٹریوں میں آتشزدگی کے سانحات میں شہید ہونیوالے محنت کشوں کی ارواح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی اور ان کی مغفرت، درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر جمیل سمیت ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے اجتماعی دعائیں کی گئیں۔

## بلدیہ ٹاؤن کی فیکٹری میں خوفناک آتشزدگی میں جاں بحق محنت کشوں میں سے 25افراد کو کراچی کے مختلف قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا

## شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین میں منتخب حق پرست عوامی نمائندوں، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں کی شرکت

## شہداء کی اجتماعی نماز جنازہ اور تدفین کے موقع پر بلدیہ ٹاؤن، اورنگی ٹاؤن اور قصبہ کالونی سمیت دیگر علاقوں میں مکمل سوگ کا سماں تھا

کراچی:۔۔۔12 ستمبر 2012ء

گزشتہ روز کراچی کے علاقے بلدیہ ٹاؤن میں گارمنٹ فیکٹری میں ہونیوالی خوفناک آتشزدگی کے خوفناک سانحہ میں جاں بحق ہونیوالے محنت کش میں سے 25فرادکو بدھ کے روز مواچھ گوٹھ، اورنگی ٹاؤن نارتھ کراچی اور نیو کراچی کے مختلف قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا تمام شہداء کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست منتخب عوامی نمائندوں اور ایم کیوایم کے ذمہ داروں کے علاوہ سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اس موقع پران علاقوں میں مکمل سوگ کا سماں تھا۔تفصیلات کے مطابق منگل کی شام بلدیہ ٹاؤن میں گارمنٹ فیکٹری میں لگنے والی خوفناک آتشزدگی میں تقریباً تین سو کے قریب محنت کش افراددم گھٹنے اور جھلسنے سے جاں بحق دھو گئے تھے جن کی شناخت اور دیگر قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے بعد تدفین کا سلسلہ جاری ہے۔بدھ کو آتشزدگی کے سانحہ میں جاں بحق بلدیہ ٹاؤن کے رہائشی 28 سالہ ندیم احمد شہید ولد ظہور احمد، 20 سالہ محمد اویس احمد شہید ولد عبدالمجید، 25 سالہ ساجد احمد شہید ولد عبید الرحمٰن، 19 سالہ شہباز احمد شہید ولد عبدالغفار، 20 سالہ محمد فرحان شہید ولد ننھا، 64 سالہ زیتون بی بی شہید زوجہ حاجی بھائی، 30 سالہ عمران خان شہید ولد اکبر خان، 18 سالہ عطاء اللہ شہید عرف نبیل ولد عبدالعزیز، 30 سالہ محمد فاروق شہید ولد محمد اسماعیل اور محمد زبیر شہید ولد حسین میاں کو مواچھ گوٹھ قبرستان بلدیہ ٹاؤن میں تمام شہداء کی اجتماعی نماز جنازہ بلدیہ ٹاؤن نمبر 3 میں ادا کی گئی جس میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی محمد حنیف شیخ کے ہمراہ ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے عہدیداران، کارکنان اور ایم کیوایم کے ہمدردوں کے علاوہ شہید کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اسی طرح قصبہ علیگڑھ کالونی کے رہائشی 20 سالہ جنید ملک ولد مقصود ملک، 47 سالہ دلدار ولد محمد محبوب اور 18 سالہ محمد رفیق عرف راجو ولد مصطفیٰ کو اورنگی ٹاؤن اور 25 سالہ محمد مزمل ولد محمد منور، جنت البقیع رحیم شاہ کالونی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا جن کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی منظر امام اور مظاہر امیر کے ہمراہ کراچی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران، قصبہ علیگڑھ سیکٹر و یونٹ کمیٹیوں کے عہدیداران، کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیزواقارب نے شرکت کی اور شہداء کی مغفرت، درجات کی بلند اور سوگوار لواحقین کے صبر جمیل کیلئے فاتحہ خوانی کی۔اسی طرح فیکٹری سانحہ میں شہید ہونیوالے اورنگی ٹاؤن کے رہائشی سید علی حسن مظہر ولد سید محمد افتخار اور تنویر صدیقی ولد ممتاز صدیقی کو گلشن بہار کالونی قبرستان، ساجد علی ولد نوشاد علی اور جہانگیر ولد جاوید کو D-15 قبرستان اورنگی ٹاؤن، قیوم ولد عبدالعزیز، زاہد ختر ولد شمیم اختر اور فیصل ولد فضل الرحمٰن کی C-14 قبرستان اورنگی ٹاؤن میں عمل میں آئی ان کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی سیف الدین خالد اور منظر امام کے ہمراہ سیکٹر و یونٹ کمیٹی کے ذمہ داران، کارکنان، ایلڈرز ونگ کے ارکان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیزواقارب نے شرکت کی۔اسی طرح نیو کراچی کے رہائشی 20 سالہ فرحان ولد ذوالفقار کی نماز جنازہ بلال مسجد نیو کراچی اور 40 سالہ محمد جابر ولد محمد افضال کی نماز جنازہ صدیقیہ مسجد کالی مارکیٹ میں ادائیگی کے بعد تدفین نیو کراچی نمبر 6 کے قبرستان میں کی گئی اور نارتھ کراچی کے رہائشی 36 سالہ ندیم ولد اسماعیل کی نماز جنازہ محمدی مسجد سیکٹر C-11 میں ادا کی گئی تدفین محمد شاہ قبرستان نارتھ کراچی میں عمل میں آئی جس میں وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر وحق پرست رکن سندھ اسمبلی خواجہ اظہار الحسن کے ہمراہ کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان، نیو کراچی و نارتھ کراچی سیکٹرز کمیٹی، علاقائی یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور شہداء کے عزیزواقارب نے شرکت کی جبکہ نارتھ کراچی سیکٹر D-5 کے رہائش 45 سالہ عبداللطیف ولد امین الدین کی میت ایمبولینس کے ذریعے ان کے آبائی شہر شہداد پور سندھ اور قصبہ علیگڑھ کے رہائشی 58 سالہ خلیل احمد ولد نذیر احمد کی میت نماز جنازہ کے بعد صوبہ پنجاب روانہ کردی گئی۔

## بلدیہ ٹاؤن میں جائے حادثہ پر شہید ہونے والے غریب محنت کشوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پھول رکھیں، شمع روشن کریں اور فاتحہ خوانی کریں۔ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کی تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل

## عوام سانحہ کے شہیدوں کے لواحقین سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔12 ستمبر 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بلدیہ ٹاؤن میں ہولناک آتشزدگی سے متاثرہ فیکٹری کا دورہ کریں اور وہاں اس قیامت خیز آتشزدگی میں شہید ہونے والے غریب محنت کشوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے پھول رکھیں اور دنیا سے چلے جانے والے ان شہیدوں کی یاد میں شمع روشن کریں، شہیدوں کیلئے فاتحہ خوانی کریں اور سانحہ کے شہیدوں کے لواحقین سے ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کریں۔

## کراچی اورلاہور کی فیکٹریوں میں ہونیوالے آتشزدگی کے واقعات میں غریب محنت کشوں کی شہادت پر پوری قوم افسردہ اورمرحومین کے سوگوارلواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے، ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود

## ایم کیوایم ملتان زون کے زیراہتمام کراچی ولاہور کی فیکٹریوں میں ہولناک آتشزدگی کے افسوسناک واقعات میں شہید محنت کشوں کے ایصال ثواب کیلئے ملتان کے تمام اضلاع میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا انعقاد

ملتان:۔۔۔۔۔12 ستمبر،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون کے زیراہتمام کراچی اورلاہور کی فیکٹریوں میں ہولناک آتشزدگی کے افسوسناک واقعات کے نتیجے میں شہید ہونے والے معصوم محنت کشوں کے ایصال ثواب کیلئے تمام اضلاع میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا انعقاد کیا گیا۔اس سلسلے میں مرکزی تعزیتی اجتماع ''ایم کیوایم ملتان ہاؤس'' میں منعقد ہوا جس میں ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود، جوائنٹ انچارجز عمران اعظم گاڈی، رانا ابوبکر، ارکان زونل کمیٹی علی عمران سہروردی، ندیم مرزا، قیصر عباس کھیڑا، زاھد بخاری، ڈسٹرکٹ انچارج شفیق بھٹی ودیگر ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہوئے کراچی اورلاہور کے سانحات میں شہید ہونے والے محنت کشوں کیلئے دعائے مغفرت کی اورسوگوار لواحقین کیلئے صبرجمیل کی دعائیں کی گئیں۔اس موقع پراپنے تعزیتی بیان میں ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود نے کہا کہ کراچی اورلاہور کی فیکٹریوں میں ہونیوالے آتشزدگی کے ان واقعات میں غریب محنت کشوں کی شہادت پر پوری قوم افسردہ اورمرحومین کے سوگوارلواحقین کے غم میں برابر کی شریک ہے، اورحکومت سے پرزورمطالبہ کرتی ہے کہ واقعات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کروائی جائیں اورفیکٹری ورکرز کودرکارضروری حفاظتی اقدامات مہیا نہ کرنے کے سبب ان ہولناک واقعات کے رونما ہونے اورغفلت برتنے کے مرتکب ذمہ داران اورفیکٹری مالکان کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیں اورمرحومین کے لواحقین کوفی الفورمعقول معاوضہ فراہم کیا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کے قائدتحریک نے محنت کشوں کی قیمتی جانوں کے ضیاع کوقومی سانحہ قراردے دیا ہے اور3روزہ سوگ کا اعلان کردیا ہے، ملک بھرمیں ایم کیوایم کے تمام دفاترپرسیاہ پرچم لہرادئے گئے ہیں اورملک بھرمیں ایم کیوایم کی تنظیمی وسیاسی سرگرمیاں مکمل طورپرمعطل رکھی جائیں گی۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرینِ بارش کیلئے یوسی 15.B جمالی محلّہ بشیرآباد میں مفت طبی امدادی کیمپ کا انعقاد

سکھر:۔۔۔۔۔12 ستمبر،2012ء

قائدتحریک جناب الطاف حسین بھائی کی خصوصی ہدایت پرخدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے متاثرینِ بارش کیلئے یوسی 15.B جمالی محلّہ بشیرآباد میں مفت طبی امدادی کیمپ لگایا گیا جس میں سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مُرید بروہی سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن عاشق ڈھراورسکھرزون کے انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی موجود تھے اس موقع پرسکھرزون کے انچارج محمد قطب الدین نے کیمپ پرآئے بارشوں سے شدید متاثر ہونے والے افراد سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین کی تعلیمات اورفکرو فلسفہ صرف انسانیت کی خدمت ہے اورہم اس کیلئے دن رات کوششوں میں مصروف ہیں۔جناب الطاف حسین بھائی نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی شکل میں غریب عوام کوتحفہ دیا ہے جس کے زیرانتظام اسپتالوں، ڈسپنسریوں اورایمبولینس سروس کے ذریعے بلاتفریق رنگ،نسل ومذہب انسانیت کی بےلوث خدمت کی جاری ہے انہوں نے کہا کہ قائدتحریک کی جدوجہد ملک میں بسنے والے تمام افراد کے درمیان بھائی چارے اوران کے حقوق کے حصول کیلئے ہے اورایم کیوایم نے ملکی سیاسی تاریخ میں پہلی مرتبہ سیاست برائے خدمت کا فلسفہ متعارف کرایا اورتعلیم یافتہ ایماندارنوجوانوں کومنتخب کراکے ایوان اقتدارمیں غریب اورمتوسط طبقے کونمائندگی دی۔

## کراچی اورلاہور کی فیکٹریوں میں آتشزدگی کے ہولناک اورافسوسناک سانحات کے نتیجے میں شہید ہونے والے معصوم محنت کشوں کے ایصال ثواب کیلئے جناب الطاف حسین بھائی کی خصوصی ہدایت پرسکھرزونل آفس میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام

سکھر:۔۔۔12 ستمبر،2012ء

کراچی اورلاہور کی فیکٹریوں میں آتشزدگی کے ہولناک اورافسوسناک سانحات کے نتیجے میں شہید ہونے والے معصوم محنت کشوں کے ایصال ثواب کیلئے جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پرسکھرزونل آفس میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اہتمام کیا گیا جس میں سندھ تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج مُرید بروہی اورسکھرزون کے انچارج محمد قطب الدین واراکین زونل کمیٹی اوریونٹ ذمہ داران وکارکنان، لیبرڈویژن، اے پی ایم ایس او، شعبہ خواتین کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی بعدازاں کراچی اورلاہور کی فیکٹریوں میں شہید ہونے والے شہداؤں کی مغفرت کیلئے دعائیں کی گئیں کہ اللہ رب العزت تمام شہداء کوجنت الفردوس میں بلنددرجات عطا فرمائے اورسوگوارلواحقین کوصبر وجمیل عطافرمائے (آمین ثمہ آمین)۔

## سانحہ کراچی اور لاہور میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیو ایم حیدرآباد زونل آفس پر قرآن خوانی و فاتحہ خوانی

حیدرآباد:۔۔۔12 ستمبر2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زیر اہتمام سانحہ کراچی اور لاہور میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا جسمیں ایم کیو ایم سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن محترمہ عائشہ آفتاب ،ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف ،اراکین زونل کمیٹی ،حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی سید طیب حسین ،صلاح الدین ،اکرم عادل ،سید وسیم حسین کے علاوہ سیکٹرز و یونٹس اور دیگر شعبہء جات APMSO ،شعبہء خواتین ،لیبر ڈویژن ایلڈرز ونگ ،میڈیکل ایڈ اور لیگل ایڈ ،انٹیلکچول کمیٹی کے ذمہ داران و کارکنان اور ہمدردوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔قرآن و فاتحہ خوانی کے اختتام پر تمام جاں بحق ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی اور مغفریت کیلئے بھی خصوصی دعائیں کی گئیں ۔

## نیا بلدیاتی آرڈیننس سندھ کی عوام کی خواہشات کے عین مطابق اور اس کے مخالفین سندھ دھرتی کی ترقی کے دشمن ہیں ۔شیخ افضل
## اے پی ایم ایس او قائد تحریک کی امنگوں کہ مطابق مصروف عمل ہے اور تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ میں کوشاں ہے ۔اکرم عادل
## جناب الطاف حسین ملک سے دوہرے تعلیمی اور فرسودہ نظام حکومت کا خاتمہ چاہتے ہیں ۔APMSO حیدرآباد سیکٹر آرگنائزر
## اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے زیر اہتمام الحرم ہال لطیف آباد میں ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد

حیدرآباد۔۔۔12 ستمبر2012ء

اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے زیر اہتمام الحرم ہال لطیف آباد میں ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا ۔اس موقع پر سندھ کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے 1500 سے زائد خواہشمند طلباء وطالبات نے اس میں حصہ لیا ۔تقریب کے مہمان خصوصی حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ افضل ،ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے انچارج محمد شریف ،حق پرست رکن قومی اسمبلی طیب حسین ،حق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل تھے ۔اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست صوبائی وزیر ماحولیات شیخ افضل نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے تحت منعقد ہونے والے اس ماڈل پری انٹری ٹیسٹ جیسے پروگرام طلبہ وطالبات کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طالبعلموں کے غصب شدہ حقوق کی بھی جدوجہد کررہی ہے اب وقت دور نہیں کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوکر جلد اس ملک سے دوہرے تعلیمی نظام سے طلبہ وطالبات کو نجات دلائیں گے ۔انہوں نے مزید کہا کہ نیا بلدیاتی آرڈیننس سندھ کی عوام کی خواہشات کے عین مطابق اور اس کے مخالفین سندھ دھرتی کی ترقی کے دشمن ہیں ۔ ۔تقریب سے حق پرست رکن صوبائی اسمبلی اکرم عادل نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک کی امنگوں کہ عین مطابق مصروف عمل اور تعلیمی سرگرمیوں کے فروغ میں کوشاں ہے ۔تقریب سے اے پی ایم ایس او حیدرآباد سیکٹر کے سیکٹر آرگنائزر نے طلباء وطالبات سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک ملک سے دوہرے تعلیمی اور فرسودہ نظام حکومت کا خاتمہ چاہتے ہیں اور ملک میں شفاف تعلیمی نظام چاہتے ہیں جہاں غریب اور امیر کا فرق ختم ہو اور یکساں تعلیمی نظام رائج ہو۔

## ایم کیو ایم لاہور زون کے زیر اہتمام لاہور اور کراچی میں ہولناک آتشزدگی میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انعقاد

لاہور۔۔۔۔12 ستمبر2012ء

ایم کیو ایم لاہور زون کے زیر اہتمام لاہور و کراچی میں ہولناک آتشزدگی میں جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس لاہور میں قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کا انعقاد کیا گیا جس میں ایم کیو ایم سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے اراکین ڈاکٹر شہزاد علی شمسی ،محترمہ بسمہ آصف ،سابق صوبائی وزیر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن شبیر احمد قائمخانی ، لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر ، جوائنٹ انچارجز ساجد عباس سبزواری ، ڈاکٹر عبدالغفار ، اراکین زونل کمیٹی شیراز بیگ ، رضوان ظفر قریشی ، خرم شہزاد رانا ، لاہور ڈسٹرکٹ کے انچارج ارشاد الحق چوہدری سمیت لاہور ڈسٹرکٹ و ٹاؤنز کے ذمہ داران و کارکنان نے کثیر تعداد نے شرکت کی ۔اس موقع پر لاہور و کراچی میں ہونے والے جاں بحق افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی گئی اور آتشزدگی کے نتیجے میں زخمی ہونے والے افراد کیلئے جلد و مکمل صحتیابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی صحت وتندرستی اور درازی عمر کیلئے بھی خصوصی دعا کی گئی ۔اس موقع پر تمام ذمہ داران و کارکنان نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ رکھیں تھیں ۔

## جناب الطاف حُسین کی ہدایت پر میر پورخاص زونل آفس پر کراچی اور لاہور کی فیکٹریوں میں آتشزدگی کے المناک واقعات میں شہید ہونے والے معصوم بچوں، خواتین اور نوجوانوں کی ارواح کے ایصال وثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی

میر پورخاص ۔۔۔۔۔ 11 ستمبر، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پورخاص زون کے زیر اہتمام کراچی اور لاہوں کی فیکٹریوں میں آگ لگنے سے جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی ۔ قائد تحریک جناب الطاف حُسین کی ہدایت پر میر پورخاص زونل آفس پر کراچی اور لاہور کی فیکٹریوں میں اتشزدگی کے المناک واقعات میں جاں بحق ہونے والے معصوم بچوں، خواتین اور نوجوانوں کی ارواح کے ایصال وثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی گئی جس میں زونل انچارج فرید احمد خان، جوائنٹ زونل انچارجز عارف مہاجر، احمد رضا خان اراکین زونل کمیٹی حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی، سیکٹر انچارجز واراکین سیکٹر کمیٹی، یونٹ انچارجز واراکین یونٹ کمیٹی، APMSO اور شعبہ خواتین کی ذمہ داران سمیت کارکنان کی بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ اس موقع پر جاں بحق ہونے والے افراد کی مغفرت، درجات میں بلندی اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعائیں کی گئیں ۔ اس موقع پر زونل انچارج فرید احمد خان نے کہا کہ یہ ریاست کی اولین ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کیلئے ہر ممکن ضروری اقدمات کرے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ اس طرح کے المناک واقعات کی روک تھام کیلئے سخت اور موثر قوانین بنائے جائیں اور ان پر اچھی طرح عمل درآمد کیا جائے تاکہ معصوم لوگوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے اور اس قسم کے المناک اور افسوسناک سانحات کررونما ہونے سے بچایا جاسکے ۔

## ایم کیو ایم میر پورخاص کا سوگوار کارکنان سے اظہار تعزیت

میر پورخاص ۔۔۔۔۔ 11 ستمبر، 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میر پورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان، حق پرست رکن صوبائی اسمبلی فہیم احمد الطافی واراکین زونل کمیٹی نے جھڈو سیکٹر کے رکن ظفریاب احمد راجپوت کے بہنوئی محمد اسلم راجپوت اور یونٹ کھیراؤ کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام قادر بروہی کے سالے کے انتقال پر گہرے دُکھ اور دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے ایک تعزیتی بیان میں کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے (آمین)۔

☆☆☆☆☆